پہلے الفاظ

سب سے پہلے یہ نہایت ضروری ہے کہ آپ کا بچہ یہ سیکھے :-

- بات سنے
- بات کو سمجھے
- بات کو یاد رکھے
- باریاں لے

<u>اُس کے بعد</u> آپ کا بچہ الفاظ بولنے کی کوشش کرنے کیلئے تیار ہوگا ۔

☆ بچوں کو بار بار الفاظ سننے کی ضرورت ہوتی ہے اِس سے پہلے کہ وہ انہیں سمجھنا اور استعمال کرنا شروع کریں ۔ شروع میں وہ بات کرنے کے بجائے اسے زیادہ سمجھنے لگیں گے ۔

☆ بچے اکثر کھلونوں ، کھانے کی اشیا ، جانوروں یا اُن لوگوں کے متعلق الفاظ استعمال کرنا شروع کرتے ہیں جن میں اُنہیں دلچسپی ہو ۔ اُن کی دلچسپی پر نظر رکھیں ، اُن الفاظ پر توجہ مرکوز کریں جنہیں بچہ دلچسپی ابھارنے والے پائے ۔

☆ کھیل کے دوران اور ہر موقعے پر اُن چیزوں کی طرف اشارہ کریں جن سے وہ مانوس ہو اور اُن کا نام لیں ۔ اشاروں کے استعمال سے بچے کی مدد کریں مثلاً ، اپنے ہاتھوں اور ہتھیلیوں کو اوپر اٹھا کر اسے کہیں '' سب ختم '' ۔

<u>Beep beep بیپ بیپ</u> ، جب آپ موٹر گاڑیوں والے کھلونوں کے ساتھ کھیل رہے ہوں یا سڑک کے کنارے چل رہے ہوں تو یہ کہیں ۔

<u>Quack quack کویک کویک</u>، کتاب میں بطخوں کے بارے میں باتیں کریں : اپنے مقامی تالاب پر بطخوں کو چوگا کھلائیں ۔

<u>Hello / Bye ہیلو/ بائے</u>، کھلونے والے ٹیلی فون پر باتیں کریں ، بچے کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ ہاتھ ہلا کر نانی یا دادی کو بائے (خدا حافظ) کہے ۔

<u>دوبارہ</u> اپنے بچے سے پوچھیں کہ وہ اپنا پسندیدہ کھیل دوبارہ کھیلنا چاہے گا مثلاً ، گدگدی ، بُلبُلے ، بِرکس کا مینار ۔

<u>اوپر</u>، اسے اُس کے گوٹ سے اٹھالیں ، سیڑھیوں کے اوپر جائیں ۔

<u>سب ختم</u>، ایک کمبل کے نیچے کھلونے چھپا دیں : اسے اپنا کھانا ختم کرنے دیں ۔

☆ ایک لفظ کہیں اور رُک جائیں - بچے کو وقت دیں تا کہ وہ اس کی نقل کرنے کی کوشش کرے۔

☆ شاید کبھی کبھار آپ کا بچہ نیا لفظ نہ کہہ سکے۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ بچے پر دباؤ ڈال کر اصرار نہ کریں کہ وہ لفظ بولنے کی کوشش کرے۔

☆ کوئی بھی لفظ بولنے کی کوشش کی حوصلہ افزائی کر کے اپنے بچے کی خود اعتمادی بڑھائیں۔ شروع میں اگر آپ کے بچے کے الفاظ واضح نہ ہوں تو فکر مت کریں۔ جب آپ سمجھیں کہ آپ نے کوئی لفظ سُنا ہے تو اسے سچ سمجھیں اور اسے دہرائیں مثلاً ''نا'' ''ہاں کیلا''۔

☆ چیزوں کا انتخاب کرنے میں اپنے بچے کی مدد کریں۔ یہ عمل اُن کو پہلے لفظ سننے اور جواب دینے کی کوشش کرنے دیتا ہے، مثلاً '' کیا تمہیں دودھ چاہئے یا پانی؟''۔

☆ جب آپ کا بچہ لفظ کہنے کی کوشش کرے تو اُس کی خوب تعریف کریں۔

Upper and lower photos by Fiona.Robertson@btinternet.com